SILVER JUBILEE 1975 2024 45 YEARS

ABC CERTIFIED | کامیاب صحافت کے 47 سال | MEMBER APNS

لاہور، ملتان اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت آزاد قومی اخبار

Daily AFTAB Lahore

روزنامہ آفتاب

بانی: ممتاز احمد طاہر

لاہور

چیف ایڈیٹر: اسد ممتاز

www.dailyaftab.pk

جلد نمبر 41 | جمعۃ المبارک 8 محرم الحرام 1447ھ 4 جولائی 2025ء 19 ہاڑ 2079 ب | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 306

# وفاقی محتسب نے ای او بی آئی سے نان رجسٹرڈ کمپنیوں کی تفصیلات مانگ لیں

## ای او بی آئی میں رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے، اعجاز احمد قریشی



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (EOBI) کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز ای او بی آئی کے علاقائی دفتر، اسلام آباد بھیجی۔ ٹیم میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان، کنسلٹنٹ خالد سیال، انوسٹی گیشن آفیسر جمیل احمد اور اے ایل او اعجاز حسین شامل تھے۔ وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر نے معائنہ کے دوران ای او بی آئی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ملک بھر میں سروے کر کے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ دے کہ پاکستان میں کتنی کمپنیاں ہیں جنہیں ای او بی آئی کے قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہونا چاہیے اور ان کی رجسٹریشن نہیں کرائی گئی۔ رجسٹریشن نہ کرانے والے اداروں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ای او بی آئی کے رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے۔ ٹیم نے ای او بی آئی کو سوالات کی ایک فہرست بھی دی جن کے تفصیلی جوابات ایک ہفتے کے اندر دینے کی ہدایت کی۔ معائنہ ٹیم نے وفاقی محتسب کی کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ معائنہ ٹیم کو ای او بی آئی کی بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ جس پرائیویٹ کمپنی میں دس یا اس سے زیادہ ملازم کام کر رہے ہوں ان کی رجسٹریشن ضروری ہے، اس وقت ای او بی آئی کے پاس رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 155,888 ہے جب کہ رجسٹرڈ ملازمین کی تعداد ایک کروڑ 15 لاکھ 55 ہزار 309 ہے۔ سب سے بڑی رجسٹرڈ کمپنی پی ٹی سی ایل ہے۔ فی الحال ای او بی آئی کے پنشنرز کی تعداد 8 لاکھ 2 ہزار 388 ہے، جنہیں دس ہزار سے 34 ہزار روپے ماہانہ پنشن دی جارہی ہے۔

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور


جمعۃ المبارک 8 محرم الحرام 1447ھ 4 جولائی 2025ء 20 ہاڑ 2082ب

# وفاقی محتسب، ای او بی آئی سے نان رجسٹرڈ کمپنیوں کی تفصیلات طلب

## ای او بی آئی میں رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے، اعجاز احمد قریشی

### وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کی دورہ ای او بی آئی دفتر، بڑی تعداد میں عوامی شکایات کا جائزہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز ای او بی آئی کے علاقائی دفتر، اسلام آباد بھیجی۔ ٹیم میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار ثاقب خان، کنسلٹنٹ خالد سیال، انوسٹی گیشن آفیسر جمیل احمد اور اے ایل او اعجاز حسین شامل تھے۔ وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر نے معائنہ کے دوران ای او بی آئی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ملک بھر میں سروے کر کے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ دے کہ پاکستان میں کتنی کمپنیاں ہیں جنہیں ای او بی آئی کے قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہونا چاہیے اور ان کی رجسٹریشن نہیں کرائی گئی۔ رجسٹریشن نہ کرانے والے اداروں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ای او بی آئی کے رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے۔ ٹیم نے ای او بی آئی کو سوالات کی ایک فہرست بھی دی جن کے تفصیلی جوابات ایک ہفتے کے اندر دینے کی ہدایت کی۔ معائنہ ٹیم نے وفاقی محتسب کی کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ معائنہ ٹیم کو ای او بی آئی کی بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ جس پرائیویٹ کمپنی میں دس یا اس سے زیادہ ملازم کام کر رہے ہوں ان کی رجسٹریشن ضروری ہے، اس وقت ای او بی آئی کے پاس رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 155,888 ہے جبکہ رجسٹرڈ ملازمین کی تعداد ایک کروڑ 15 لاکھ 55 ہزار 309 ہے۔ سب سے بڑی رجسٹرڈ کمپنی پی ٹی سی ایل ہے۔ فی الحال ای او بی آئی کے پنشنرز کی تعداد 8 لاکھ 2 ہزار 388 ہے، جنہیں دس ہزار سے 34 ہزار روپے ماہانہ پنشن دی جا رہی ہے۔



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو ای او بی آئی کے علاقائی دفتر اسلام آباد کے دورہ کے دوران اجلاس میں بریفنگ دی جا رہی ہے

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ بیتاب لاہور

DAILY BEATAB LAHORE

چیف ایڈیٹر محمد زکی ناصر

ایڈیٹر: سردار مراد علی خان

اوورسیز ایڈیٹر: محمد عارف

www.dailybeatab.com

04-07-2025


# وفاقی محتسب نے ای او بی آئی سے نان رجسٹرڈ کمپنیوں کی تفصیلات مانگ لیں

## ای او بی آئی میں رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے، وفاقی محتسب

### وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کی ای او بی آئی کے دورہ کے دوران ہدایات

اسلام آباد (بیتاب نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (EOBI) کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز ای او بی آئی کے علاقائی دفتر، اسلام آباد بھیجی۔ ٹیم میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان، کنسلٹنٹ خالد سیال، انوسٹی گیشن آفیسر جمیل احمد اور اے ایل او اعجاز حسین شامل تھے۔ وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر نے معائنہ کے دوران ای او بی آئی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ملک بھر میں سروے کر کے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ دے کہ پاکستان میں کتنی کمپنیاں ہیں جنہیں ای او بی آئی کے قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہونا چاہئے اور ان کی رجسٹریشن نہیں کرائی گئی۔ رجسٹریشن نہ کرانے والے اداروں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ای او بی آئی کے رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے۔ ٹیم نے ای او بی آئی کو سوالات کی ایک فہرست بھی دی جن کے تفصیلی جوابات ایک ہفتے کے اندر دینے کی ہدایت کی۔ معائنہ ٹیم نے وفاقی محتسب کی کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد کا جائزہ بھی لیا۔ معائنہ ٹیم کو ای او بی آئی کی بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ جس پرائیویٹ کمپنی میں دس یا اس سے زیادہ ملازم کام کر رہے ہوں ان کی رجسٹریشن ضروری ہے، اس وقت ای او بی آئی کے پاس رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 155,888 ہے جب کہ رجسٹرڈ ملازمین کی تعداد ایک کروڑ 15 لاکھ 55 ہزار 309 ہے۔ سب سے بڑی رجسٹرڈ کمپنی پی ٹی سی ایل ہے۔ فی الحال ای او بی آئی کے پنشنرز کی تعداد 8 لاکھ 2 ہزار 388 ہے، جنہیں دس ہزار سے 34 ہزار روپے ماہانہ پنشن دی جا رہی ہے۔



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو ای او بی آئی کے علاقائی دفتر اسلام آباد کے دورہ کے دوران ایک اجلاس میں بریفنگ دی جا رہی ہے

ممبر CPNE نوابشاہ، کراچی اور اسلام آباد سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت اخبار ABC CERTIFIED

رجسٹرڈ نمبر 3316

ایڈیٹران چیف : لیاقت علی ملک

DAILY PARWAN

# روزنامہ پروان

کراچی

Ph: 021-35321099б

جلد نمبر 09 | جمعہ 4 جولائی 2025ء، 8 محرم الحرام 1447ھ، (قیمت 20 روپے) | شمارہ نمبر 227



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ای او بی آئی کے خلاف شکایات کا جائزہ لے رہے ہیں

# وفاقی محتسب نے ای او بی آئی سے نان رجسٹرڈ کمپنیوں کی تفصیلات مانگ لیں

## ای او بی آئی میں رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے، وفاقی محتسب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (EOBI) کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز ای او بی آئی کے علاقائی دفتر، اسلام آباد بھیجی۔ ٹیم میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان، کنسلٹنٹ خالد سیال، انوسٹی گیشن آفیسر جمیل احمد اور اے ایل او اعجاز حسین شامل تھے۔ وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر نے معائنہ کے دوران ای او بی آئی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ملک بھر میں سروے کر کے ایک ہفتے کے اندر رپورٹ دے کہ پاکستان میں کتنی کمپنیاں ہیں جنہیں ای او بی آئی کے قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہونا چاہئیے اور ان کی رجسٹریشن نہیں کرائی گئی۔ رجسٹریشن نہ کرانے والے اداروں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ای او بی آئی کے رجسٹرڈ ملازمین اور پنشنرز کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے۔ ٹیم نے ای او بی آئی کو سوالات کی ایک فہرست بھی دی جن کے تفصیلی جوابات ایک ہفتے کے اندر دینے کی ہدایت کی۔ معائنہ ٹیم نے وفاقی محتسب کی کمیٹی کی سفارشات پر عملدر آمد کا جائزہ بھی لیا۔ معائنہ ٹیم کو ای او بی آئی کی بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ جس پرائیویٹ کمپنی میں دس یا اس سے زیادہ ملازم کام کر رہے ہوں ان کی رجسٹریشن ضروری ہے، اس وقت ای او بی آئی کے پاس رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 155,888 ہے جب کہ رجسٹرڈ ملازمین کی تعداد ایک کروڑ 15 لاکھ 55 ہزار 309 ہے۔ سب سے بڑی رجسٹرڈ کمپنی پی ٹی سی ایل ہے۔ فی الحال ای او بی آئی کے پنشنرز کی تعداد 8 لاکھ 2 ہزار 388 ہے، جنہیں دس ہزار سے 34 ہزار روپے ماہانہ پنشن دی جا رہی ہے۔